| سوموار | سال دوئم عام ایام | 1۔جون |
| --- | --- | --- |



| مقدس جسٹن شہید | رنگ سرخ |
| --- | --- |

2۔پطرس 1:2۔7 زبور 90

مرقس 1:12۔12

**مرکزی آیت: ''ایک آدمی نے تاکستان لگایا اور اسے اجارہ داروں کو دے دیا۔'' مرقس 1:12**

یسوع اشعیاہ نبی کے بارے میں سوچ رہے ہیں۔ وہ ہستی جو تاکستان لگاتی ہے، خدا ہے۔ اور تاکستان اس کے لوگ ہیں، جنہیں رہنماؤں کی نگرانی میں سونپا گیا ہے۔ لیکن جب ان کا پھل تسلی بخش نہیں ہوتا، تو خدا کو مداخلت کرنی پڑتی ہے۔ یسوع اس تمثیل کے ذریعے یہ بتاتے ہیں کہ رہنما، خدا کے عطیہ کو، جو کہ خود یسوع ہے، قبول نہ کر کے لوگوں کی درست رہنمائی نہیں کرتے، جس کی وجہ سے وہ دیگر اقوام کے لئے برکت نہیں بنتے، لہٰذا ان رہنماؤں کو تبدیل کیا جانا ضروری ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدس مارسیلینس اور مقدس پیٹر، شہدا

رنگ سرخ

2۔پطرس 3باب 11۔15، 17۔18 زبور 89

مرقس 12:13۔17

## مرکزی آیت: ''جو قیصر کا ہے قیصر کو دو۔'' مرقس 12:17

اے یسوع! وہ آپ کو پھانسنے کے لئے جال بچھانا چاہتے ہیں۔ مگر آپ کی نظریں باپ کی طرف اور آپ کا دل ہمیشہ اس میں مرکوز رہتا ہے۔ آپ کا تعلق باپ سے ہے، اور اسی سے ہمیشہ صرف سچائی نکلتی ہے۔ اس لئے آپ اس جال میں نہیں آئیں گے، بلکہ آپ کا جواب سب کے لئے حکمت کا ذریعہ ہوگا۔ انسان اپنی محنت کا اجر پانے کا مستحق ہے، اور خدا اس بات کا حقدار ہے کہ وہ ہمیشہ ہمارے دل اور ہماری پوری زندگی کا مالک رہے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................



## مقدس کارلولوانگااور ساتھی،شہدأ

رنگ سرخ

2۔تیموتاؤس1:1۔3،6۔12

زبور122

مرقس12:18۔27

### مرکزی آیت:''خدانے ہمیں دہشت کی روح نہیں دی۔''2۔تیموتاؤس1:7

شہدأ کی زندگی اور موت ہمیں یسوع کے شاگرد کے کلام کو سنجیدگی کے ساتھ لینے میں مدد دیتی ہے۔یوگنڈا کے نوجوان شہدأ،جنہیں ہم آج یاد کرتے ہیں،خوفزدہ نہیں ہوئے بلکہ پختہ عزم اور یقین کے ساتھ یسوع کی پیروی کی۔اور اپنے بادشاہ کے وعدوں کی بجائے یسوع کی محبت کو ترجیح دی۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

2۔تیموتاؤس2:8۔15
زبور24
رنگ سبز

مرقس12:28۔34

**مرکزی آیت:"تو اپنے خداوند خدا سے اپنے پورے دل سے محبت رکھ۔" مرقس12:30**

اے یسوع! میں آپ کے کلام کو پہلے سے جانتا ہوں، لیکن آج یہ مجھے ایک نئے انداز میں متحرک کر رہا ہے۔ میں اس باپ کو دیکھوں گا جو ہر اس شخص کو گلے لگاتا ہے جسے میں ملتا ہوں، اور میں بھی اس کی ہم آغوشی میں شریک ہونگا۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



مقدس بونیفیس، اسقف اور شہید | رنگ سرخ

2۔تیموتاؤس 3:10۔16 | زبور 118

مرقس 12:35۔37

**مرکزی آیت: ''وہ کیوں کہتے ہیں کہ مسیح داؤد کا بیٹا ہے؟'' مرقس 12:35**

اے یسوع! آپ نے تمام سوالوں کے جواب دیئے، یہاں تک کہ ان سوالوں کے بھی جو آپ پر الزام لگانے کے لئے جال بچھانے کے مقصد سے کئے گئے تھے۔ یسوع اب آپ خود ایک سوال ان سے پوچھتے ہیں، مگر ہر کوئی اس کا جواب دینے سے قاصر ہے۔ آپ کا یہ سوال ظاہر کرتا ہے کہ آپ کی حکمت برتر اور آپ کا علم ناقابلِ رسائی ہے۔ حتیٰ کہ جب انسان سچ بولتے ہیں، تب بھی اکثر وہ نہیں جانتے کہ یہ سچ کیوں ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



مقدس نوربرٹو، اسقف؛ مبارک اوڈوارڈوفوکیرینی، شہید | رنگ سرخ/سفید

2۔تیموتاؤس4:1۔8 | زبور70

مرقس12:38۔44

**مرکزی آیت: ’’اس نے اپنی ساری پونجی ڈال دی۔‘‘ مرقس12:44**

اے یسوع! آپ ہمیں ایک ایسا پہلو دکھاتے ہیں جو بظاہر معمولی لگتا ہے: وہ ان لوگوں کے لئے غیر اہم ہوسکتا ہے جو دل کی گہرائیوں کو دیکھنے کی نظر نہیں رکھتے، لیکن آپ کے لئے، جو دلوں کو پرکھتے ہیں، یہ ایک حیرت انگیز حقیقت ہے۔ وہ غریب عورت، جس نے اپنا سب کچھ پیش کر دیا، اس نے خدا سے سیکھا ہے، وہ الٰہی زندگی گزار رہی ہے۔ درحقیقت، خدا ہمیں اپنی ساری محبت عطا کرتا ہے۔۔۔ایک بے بہا دولت، جسے ہم اکثر کم اہمیت دیتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 7۔جون | سالِ اول عام ایام کا دسواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



## یسوع کے پاک بدن اور خون کی عید

**رنگ سفید**

استثنیہ شرع 8:2۔3، 14۔16

زبور 147

1۔قرنتیوں 10:16۔17

یوحنا 6:51۔58

**مرکزی آیت: ''جو کوئی اس روٹی کو کھائے گا، وہ ہمیشہ جیتا رہے گا۔'' یوحنا 6:58**

اے یسوع! وہ روٹی جو آپ ہمیں عطا کرتے ہیں، ہمیں آپ کے کلام کے ذریعے ملتی ہے۔ پس وہ روٹی محض روٹی نہیں، بلکہ آپ کی زندگی ہے۔ جب میں اسے کھاتا ہوں، تو میں آپ کے ساتھ، آپ میں اور آپ کے ذریعے جیتا ہوں۔ آپ میری زندگی بن جاتے ہیں۔ اب میں نہیں بلکہ آپ مجھ میں زندہ ہیں۔ اے یسوع! تیرا شکریہ۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔ملوک 1:17۔6 زبور 120

رنگ سفید

متی 1:5۔12

**مرکزی آیت "مبارک ہیں وہ، جو دل کے غریب ہیں۔" متی 8:5**

آج سے ہم ہفتے کے دنوں میں بھی متی کی انجیل کو سننا شروع کرتے ہیں۔ ان مقدس الفاظ میں سے، جو یسوع کے زبان سے ہمیں روحانی غذا دینے کے لئے نکلتے ہیں، یہ ایک لفظ ہے: "مبارک!" ہم اس وقت خدا باپ کے قریب ہوتے ہیں جب ہمارا دل پاک ہوتا ہے۔ اور دل اس وقت پاک ہوتا ہے جب اس میں روزمرہ کی خودغرضی کی ملاوٹ نہ ہو۔ اے یسوع! میرے دل میں صرف آپ ہونگے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مقدس افراہیم،شماس اور کلیسائی معلم،شہید** | **رنگ سفید/سرخ**

**1۔ملوک 7:17۔16** **زبور 4**

**متی 13:5۔16**

**مرکزی آیت:''وہ تمہارے نیک کاموں کو دیکھیں۔'' متی 16:5**

یسوع جانتے ہیں کہ ان کے شاگرد، جو غریب، رحیم اور پاک دل ہیں، بے عمل نہیں رہیں گے۔ان کے اعمال خدا کے نزدیک پسندیدہ ہوں گے اور بہت سے لوگوں کے لئے مثال بنیں گے، جو ان کی نیکی سے متاثر ہو کر ان کی پیروی کریں گے اور دنیا کو بدل دیں گے۔

..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................

1۔ملوک20:18۔39 زبور15

رنگ سبز

متی5:17-19

**مرکزی آیت:''جو عمل کرے گا، وہی بڑا کہلائے گا۔'' متی5:19**

خدا کے احکام اس شخص کو دانا اور حکیم بناتے ہیں، جو ان کی پیروی کرتا ہے۔ اور وہ سب کے لئے ایک حقیقی نعمت بن جاتا ہے۔ اس کی فرمانبرداری کے سبب زمین پر آسمان کی بادشاہی پروان چڑھتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہمارے آسمانی باپ کی محبت اور عزت کا مستحق ٹھہرتا ہے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................




## مقدس برنباس رسول

**رنگ سرخ**

**اعمال11:21۔26;13:1۔3**

**زبور97**

**متی10:7-13**

**مرکزی آیت: ’’تمہیں مفت ملا ہے، مفت دو۔‘‘ متی10:8**

برنباؔس رسول، جو ابتدائی کلیسیا میں اپنی دانشمندی اور فہم کے باعث نہایت معزز تھے، ہمیں انجیل کی اس آیت سے منور کرتے ہیں۔انہوں نے خود اپنا کھیت بیچ کراس کی رقم کلیسیا کو دے دی۔ یسوع اپنے شاگردوں کو منادی کرنے اور شفا دینے کے لئے بھیجتے ہیں۔ وہ ایسے مفلس ہیں جو خدا کی مدد پر پورا بھروسہ رکھتے ہیں۔ جیسے باپ کی محبت بے لوث ہے، ویسے ہی ان کی محبت بھی بے غرض ہوگی۔آسمان اور زمین ایک ہی محبت کی طاقت اور روشنی سے متحد ہو جائیں گے۔

..................................................

..................................................


..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## یسوع کے پاک دل کی عید

رنگ سفید

استثنیہ شرع 7:6۔11 — زبور 102

1۔یوحنا 4:7۔16 — متی 11:25۔30

**مرکزی آیت: ’’میں حلیم اور دل کا فروتن ہوں۔‘‘ متی 11:29**

یسوع کے پاک دل کی عید ہمیں شادمانی منانے پر مائل کرتی ہے۔ جب ہم یسوع کے باطن کو دیکھتے ہیں تو ہمیں کیا نظر آتا ہے؟ نہ غرور، نہ خود پسندی اور نہ ہی برتری کا احساس۔ اس کا پورا وجود حلم اور فروتنی سے معمور ہے۔ ہم اس کی ہمہ وقت دستیابی پر تکیہ کر سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ خود نما اور متکبر نہیں۔ وہ ہمیشہ سے ہمارے لئے سراسر ایک بے قیمت تحفہ ہے۔

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................



## مبارک کنواری مریم کے بے داغ دل کی عید

رنگ سفید

## مقدس انتھونی آف پادوا، کاہن اور کلیسیائی معلم



1۔ملوک19:19۔21 زبور15 متی5:33۔37

یا

اشعیاء61:9۔11 زبور1 سموئیل2 لوقا2:41۔51

**مرکزی آیت: ''تمہاری بات ''ہاں، ہاں'' اور ''نہ، نہ'' ہو۔'' متی5:37**

کیا آپ جانتے ہیں کہ یسوع نے ہمیں اپنی گفتگو میں سادہ، سچا اور مختصر ہونے کا حکم کیوں دیا؟ کیونکہ ''جو کچھ اس سے زیادہ ہو، وہ شیطان کی طرف سے ہے۔'' جب ہم زیادہ وضاحت دینے کی کوشش کرتے ہیں، تو ہم اس خطرے میں پڑ جاتے ہیں کہ ہم دوسروں پر فیصلہ صادر کریں، اپنی صفائی پیش کریں، فخر کریں، یا خود کو دوسروں سے برتر سمجھنے لگیں۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

خروج 19:2۔6 | زبور 99
رنگ سبز
رومیوں 5:6۔11 | متی 36:9؛ 8:10

**مرکزی آیت: ”اسے ان پر ترس آیا، کیونکہ وہ تھکے ماندے اور بے سہارا تھے۔“ متی 36:9**

شاگردوں کو مقرر کرنے سے پہلے، یسوع انہیں سکھاتے کہ ان لوگوں سے کیسے ملنا ہے جو اس کے پاس آتے ہیں۔ یسوع ان پر رحم بھری نظر ڈالتے ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ ہر شخص کو مدد کی ضرورت ہے اور کوئی بھی خود اس مدد کو فراہم کرنے کے قابل نہیں۔ انہیں شفا اور شیطان کے اثر سے نجات کی ضرورت ہے، نہ کہ فیصلے سنائے جانے کی۔ لہذا شاگرد یسوع کے کلام اور قوت سے لوگوں کو آزاد کریں گے اور انہیں شفا بخشیں گے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

1۔ملوک 21:1۔16 زبور 5

رنگ سبز

متی 5:38۔42

**مرکزی آیت ''جو کرتہ لینا چاہے، اسے چغہ بھی دے دے۔'' متی 5:40**

آسمان کی بادشاہی میں کس طرح جیا جائے گا؟ وہاں کے اصول زمین کی بادشاہت سے کچھ مختلف ہیں۔ یہ اصول آہستہ آہستہ نہیں، بلکہ جلدی اور پختہ عزم کے ساتھ سیکھنے ہونگے۔ جو لوگ برائی کرتے ہیں اور غرور سے پیش آتے ہیں، ان کے سامنے تم باپ کی محبت کا اظہار کرو گے۔۔۔وہ محبت جو تمہارے ذریعے زمین پر پہلے ہی موجود ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| 16۔جون | سال دوئم عام ایام | منگل |
|---|---|---|

1۔ملوک 21:17۔29　　　　زبور 50

رنگ سبز

متی 5:43۔48

**مرکزی آیت: ''اپنے ستانے والوں کے لئے دعا کرو۔'' متی 5:44**

دعا کیا ہے؟ یہ خدا باپ کی حضوری میں رہنا ہے۔ اگر کوئی تمہیں ستائے یا تم پر ظلم کرے، تو تم کیا کرو گے؟ تم وہی کرو گے جو تمہارے باپ اور ان کے لئے باعثِ عزت ہو۔ تم ان کے لئے شفاعت کرو گے۔ کیونکہ انہیں تبدیلی کی ضرورت ہے، اور صرف خدا ہی انہیں یہ عطا کر سکتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

2۔ملوک 6:21۔14 ; 2:1؛ 6۔14 زبور 30

رنگ سبز

متی 1:6۔6،16۔18

**مرکزی آیت: ”تمہارا باپ تمہیں اجر دے گا۔“ متی 18:6**

ہم ابھی تک یسوع کے پہاڑی وعظ کو سن رہے ہیں۔ وہ ہمیں سکھاتے ہیں کہ محبت کیسے کی جائے اور روزہ کیسے رکھا جائے۔ ہر کام اس لئے نہیں کرنا چاہیئے کہ ہم نیک اور مستحق بنیں، بلکہ صرف اپنے آسمانی باپ کی محبت کے لئے۔ نیز اس نیت سے نہیں کہ ہم لوگوں کی نظروں میں اچھے نظر آئیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

یشوع بن سیراخ 48:1۔14

زبور 96

رنگ سبز

متی 6:7۔15

**مرکزی آیت: ''تیری بادشاہی آئے۔'' متی 6:10**

یسوع ہمیں دعا کرنا سکھاتے ہیں۔ دیگر باتوں کے ساتھ، وہ ہمیں یہ مختصر خواہش پیش کرنے کا مشورہ دیتے ہیں: ''تیری بادشاہی آئے۔'' ہمیں بھی اس فکر کو اپنا لینا چاہیئے کہ زمین پر لوگ بھائیوں کی طرح رہیں اور اس بادشاہ کی پیروی کریں جو ان سے اتنی محبت کرتا ہے کہ ان کے لئے اپنی جان دینے کو تیار ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 19۔جون |
|---|---|---|



**مقدس رومیوالد، صدر راہب، شہید**

**رنگ سفید / سرخ**

**2۔ملوک 1:11۔4، 9۔18، 20**

**زبور 131**

**متی 19:6۔23**

**مرکزی آیت: ”جہاں تیرا خزانہ ہوگا، وہیں تیرا دل بھی ہوگا۔“ متی 21:6**

یسوع چاہتے ہیں کہ ہم سب دولتمند ہوں، ہمارے پاس ایک خزانہ ہو۔ جس کے پاس خزانہ ہوتا ہے، وہ اپنی سوچ اور محبت کو وہیں مرکوز کرتا ہے۔ اگر یہ سب کچھ عارضی چیزوں سے وابستہ ہو، تو وہ شخص خالی اور ناخوش رہے گا۔ لہذا خزانہ آسمان میں ہونا چاہیئے، جہاں وہ ہر قسم کے خطرے سے محفوظ ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 20۔جون | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|

2۔اخبار24:17۔25 زبور88

رنگ سبز

متی6:24۔34

**مرکزی آیت: ''کوئی بھی دو مالکوں کی خدمت نہیں کرسکتا۔'' متی6:24**

یسوع کل (19 جون) کی تعلیم کو جاری رکھتے ہیں۔ اگر تم مال و دولت سے محبت کرو گے، تو اس کے غلام بن جاؤ گے۔ تمہیں اسے بڑھانے اور محفوظ رکھنے کی فکر لگی رہے گی۔ تم لالچی بن جاؤ گے، بلکہ اس سے بھی بدتر، دوسروں پر ظلم کرنے والے بن سکتے ہو۔ لیکن اگر تم خداوند کی خدمت کرو گے، تو حقیقی آزادی کا لطف اٹھاؤ گے، کیونکہ خداوند کی خدمت کرنے کے لئے محبت ضروری ہے، اور محبت پر کوئی حکمرانی نہیں کرسکتا۔

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

| 21۔جون | سالِ اول عام ایام کا بارھواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

ارمیا20:10۔13 زبور68

رنگ سبز

رومیوں5:12۔15 متی10:26۔33

**مرکزی آیت: ''مت ڈرو، تمہاری قدر بہت سی چڑیوں سے زیادہ ہے۔'' متی10:31**

کتنا خوبصورت الہام ہے۔ ہمارا آسمانی باپ چڑیوں کا بھی خیال رکھتا ہے، تو وہ ہمیں، جو اس سے محبت کرتے ہیں اور شعوری طور پر اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں، کتنا زیادہ سنبھالے گا۔لہٰذا، حتیٰ کہ ایمانداروں پر ایذارسانی کے وقت بھی خوف نہ کرو، ہمارا ایک ایسا باپ ہے جو ہماری دیکھ بھال کرتا ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| سوموار | سال دوئم عام ایام | 22۔جون |
|---|---|---|



| رنگ سفید / سرخ | مقدس پاؤلیس نولا، اسقف، مقدس جان فشر، اسقف اور تھامس مور، شہدا |
|---|---|

زبور 59 — 2۔ملوک 5:17۔8؛13۔15،18

متی 7: 1۔5

**مرکزی آیت: ''پہلے اپنی آنکھ سے شہتیر نکال۔'' متی 5:7**

میں دوسروں پر بہت آسانی سے فیصلہ صادر کر دیتا ہوں، اور بھول جاتا ہوں کہ میں خود بھی گنہگار ہوں۔ اگر میں گنہگار ہوں، تو میری نظر میں، یعنی دوسروں کو دیکھنے کا طریقہ، درست نہیں ہے۔ میری بینائی میں خامیاں ہیں۔ پہلے مجھے اپنی آنکھوں کو آزاد کرنا ہوگا، یعنی اپنی سوچ کو درست کرنا ہوگا، پھر میں نرمی سے اپنے بھائی کے قریب جا کر اس کی مدد کر سکتا ہوں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

2۔ملوک 9:19۔11،14۔21،31۔36 زبور 47

رنگ سبز

متی 6:7،12۔14

**مرکزی آیت: ''تنگ دروازے سے داخل ہو۔'' متی 13:7**

یہ ایک ایسا دروازہ ہے جہاں سے ایک وقت میں صرف ایک شخص گزر سکتا ہے۔ میں یہ توقع نہیں رکھ سکتا کہ کسی کا سہارا لے کر یا بازو میں بازو ڈال کر داخل ہوں۔ خداوند کی پیروی کرنے کا انتخاب ذاتی ہوتا ہے۔ جب وہ مجھے اپنی خدمت کے لئے بلاتا ہے، تو میں اسے خود جواب دیتا ہوں۔ میں اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ دوسرے لوگ کیا کر رہے ہیں، اور نہ ہی سامان کی فکر کرتا ہوں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




## مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والے کی پیدائش

رنگ سفید

اشعیا 49:1۔6

زبور 138

اعمال 13:22۔26

لوقا 1:57۔66،80

**مرکزی آیت: ''اس کا نام یوحنا رکھا جائے گا۔'' لوقا 1:60**

انجیل میں اس عید سے متعلق متن میں ہم ایک عام بحث کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ یعنی نو مولود بچے کا نام کیا رکھا جائے؟ الزبتھ اور زکریا اپنے رشتہ داروں کی پسند کا لحاظ نہیں کرتے اور نہ ہی اپنی خواہش کے مطابق نام رکھتے ہیں، بلکہ خدا کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ بچے کا وہی نام رکھا جائے گا جو ہمیشہ خدا کی تمجید کرے گا۔ خدا رحیم ہے، وہ محبت کرنے والا ہے: یہی اس بچے کا نام ہوگا۔

2۔ملوک 8:24۔17　　　زبور 78

رنگ سبز

متی 7:21۔29

**مرکزی آیت: ''وہ ایسے تعلیم دیتا تھا جیسے اختیار رکھتا ہو۔'' متی 7:29**

یسوع جو کچھ کہتے ہیں، اسے کسی جانچ یا تصدیق کی ضرورت نہیں ہوتی۔اس کے قول و فعل میں یکسانیت ہے۔اس لئے اسے تعصب کے بغیر سنا جاتا ہے۔یسوع کے الفاظ محض الفاظ نہیں بلکہ ایک جیتی جاگتی حقیقت ہیں، اس لئے یہ بالکل سچی اور قابل اعتماد ہیں۔اس کا کلام میری زندگی کے فیصلوں کی بنیاد بن سکتا ہے۔کوئی بھی غیر متوقع واقعہ مجھے گرا نہیں سکتا۔

........................................

........................................

........................................

........................................

........................................

........................................


........................................

........................................

........................................

........................................

........................................



## مقدس وتجیلیو، بشپ اور شہید

رنگ سبز / سرخ

2۔ملوک 25:1۔12

زبور 136

متی 8:1۔4

### مرکزی آیت: ''وہ ایک ہی گلہ بن جائیں گے۔'' یوحنا 16:10

یہ الفاظ سینٹ وتجیلیوس کی عید کے دن کی انجیل سے ہیں۔ انہوں نے یسوع کی آواز پر لبیک کہا، جو انہیں مسیحیوں کے چرواہا، رہنما اور معلم کے طور پر بلا رہے تھے۔ انہوں نے ان بے دینوں کا بھی خیال رکھا جو بت پرستی کی غلامی میں تھے تاکہ وہ انہیں باپ کی محبت اور یسوع کی معافی سے روشناس کراسکیں۔ ایک وادی سے دوسری وادی تک ایک ہی گلہ، جو یسوع، زندگی کی روٹی، سے سیراب اور محفوظ ہے۔

........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................

| 27۔جون | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
| --- | --- | --- |





| مقدس سرل آف اسکندریہ، بشپ اور کلیسیائی معلم | رنگ سبز / سفید |
| --- | --- |

مرثیئے 2:10۔14، 18۔19 زبور 73

متی 8:5۔17

## مرکزی آیت: ''میں آ کر اسے شفا دوں گا۔'' متی 8:7

اگرچہ صوبہ دار غیر قوم سے تھا، یسوع اس کے گھر جانے کے لئے تیار تھے۔ جو کوئی یسوع پر ایمان رکھتا ہے، وہ بے ایمان نہیں رہتا۔ خدا کی محبت کی کوئی حد نہیں۔ یسوع کو یہودیوں کی طرف سے تنقید اور مذمت کا سامنا کرنا پڑا، لیکن یسوع چاہتا تھا کہ ہر شخص خدا کو ایک باپ، ایک ایسے شفقت بھرے والد کے طور پر جانے، جو کسی کو تنہا نہیں چھوڑتا اور سب کو امید دینا چاہتا ہے۔

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

.................................................................

| 28۔جون | سالِ اول عام ایام کا تیرہواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

2۔ملوک 4:8۔11،14۔16 | زبور 88

رومیوں 6:3۔4،8۔11 | متی 10:37۔42

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''وہ اپنا اجر نہیں کھوئے گا۔'' متی 10:42**

اے یسوع! کچھ لوگ تجھے جانتے بھی نہیں، پھر بھی وہ تیرے شاگردوں سے محبت کرتے ہیں اور چھوٹے اور بڑے ان کے ساتھ نیک سلوک کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ ان کی محبت کی سچائی کو پہچانتے ہیں۔ تو ایسے شخص کو اپنی بادشاہی میں سرگرم دیکھتا ہے، اس لئے تو اسے پسند کرتا ہے اور اسے اس کا اجر دے گا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدسین پطرس اور پولوس

رنگ سرخ

اعمال12:1۔11

زبور33

2۔تیموتاؤس4:6۔8،17۔18

متی16:13۔19

**مرکزی آیت:''میں تجھے آسمان کی بادشاہی کی کنجیاں دوں گا۔'' متی16:19**

کتنا خوبصورت وعدہ ہے۔اے یسوع! جب تو اس دنیا سے گیا تو آسمان کی بادشاہی کی کنجیاں اپنے ساتھ نہیں لے گیا، بلکہ انہیں پطرس کے ہاتھوں میں دیا۔۔۔کیوں اس کے ہاتھوں میں؟ کیونکہ باپ اس کے ایمان کی حفاظت کرتا ہے۔یعنی تیرے ساتھ اس کے تعلق کی۔ وہ اسے سچا، مضبوط، چٹان کی مانند مستحکم اور دوسروں کے لئے، بلکہ ہمارے لئے بھی محفوظ بناتا ہے۔کیونکہ ہم اس بادشاہی میں داخل ہونا چاہتے ہیں، جو آنے والی ہے۔

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................

..............................................



## کلیسیائے روم کے اولین شہدا

رنگ سبز / سرخ

عاموس 3:1۔8؛ 4:11۔12

زبور 5

متی 8:23۔27

**مرکزی آیت: ''مگر وہ سو رہا تھا۔'' متی 8:24**

یہ واحد موقع ہے جب اناجیل میں تیرے سونے کا ذکر آتا ہے۔ اے یسوع! ہمیں ایسا لگتا ہے کہ وہ لمحہ تیرے سونے کا نہیں تھا۔ تاہم تیرے سونے کے ذریعے ہم سیکھتے ہیں کہ ہر لمحہ درست ہے، کیونکہ وہ تیرا ہے۔ ہم سیکھتے ہیں کہ تجھ پر بھروسا رکھیں اور ہمیشہ پختہ امید رکھیں، یہاں تک کہ جب ہم تجھے دیکھ نہ سکیں اور جب تو ہمیں غیر موجود لگے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................